عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 21 اکتوبر 2026ء / 09 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 203

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو ان کی سیاست کیلئے اچھا ہوگا، خواجہ آصف

پی ٹی آئی کے اندر سے آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ مزاحمت نہیں سیاست کرنی چاہیے، پی ٹی آئی سیاست کرے گی تو ان کو بہت اسپیس مل جائیگی، صحافیوں سے گفتگو

سیاست میں نو ریٹرن والی کوئی پالیسی نہیں ہوتی، کل کے دوست آج کے دشمن اور کل کے دشمن آج کے دوست ہو جاتے ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو یہ ان کی سیاست کے لیے اچھا ہوگا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ کسی اور (ن) لیگی رہنما کی مولانا کے بارے میں گفتگو پر کمنٹ نہیں کرسکتا، مولانا فضل الرحمان نے سخت گفتگو کی ہے، میں نے مولانا کے سخت بیانات پر سیاسی نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ٹیلی کام کمپنیوں کو دی جانے والی رقوم پر ٹیکس کٹوتی لازم نہیں

سپریم کورٹ نے 4.79 ارب روپے ٹیکس کا حکم کالعدم قرار دے دیا

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ یونیورسل سروس فنڈ پر ٹیلی کام کمپنیوں کو ایسے منصوبوں کے لیے ادائیگیوں پر انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 153(2)(b) کے تحت ٹیکس کٹوتی کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کے لیے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا گیا

معلوماتی اثاثوں کی حفاظت اور سائبر خطرات کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی

اسلام آباد (جی این ایم) سائبر سیکیورٹی کو مضبوط بنانے کے لیے جدید سیکیورٹی آپریشنز سینٹر قائم کر دیا گیا۔ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر نے سیکیورٹی آپریشنز سینٹر کا افتتاح کیا۔ معلوماتی اثاثوں کی حفاظت اور سائبر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پاکستان کا دہشت گردوں کیلئے بھارت کی بڑھتی ہوئی حمایت پر اظہارِ تشویش

پاکستانی جوہری مشیر نے بھارت کی جوہری پالیسی پر بھی سوالات اٹھا دیئے

لندن (جی این ایم) پاکستان نے ملک میں سرگرم دہشت گرد گروہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

امریکا ایران جنگ، فیلڈ مارشل عاصم منیر اہم دورے پر ایران پہنچ گئے

اہم دورے میں فیلڈ مارشل ایرانی حکام سے ملاقاتیں کریں گے جب کہ اس دورے میں دوطرفہ تعاون، اہم امور اور خطے کی صورتحال پر بات چیت ہوگی

اس کے علاوہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کے ایجنڈے میں ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی میں پاکستان کے کردار پر بات چیت بھی شامل ہے

تہران (جی این ایم) پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران پہنچ گئے۔ خبر ایجنسی رائٹرز نے ایرانی میڈیا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران پہنچ گئے ہیں۔ اہم دورے میں فیلڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)



دوشنبے، نائب وزیر اعظم/ وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار تاجکستان کے صدر امام علی رحمان سے ملاقات کر رہے ہیں

قانون کی بالادستی اور منشیات و جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں، محمد لہڑی

نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز کی وفود سے بات چیت

کوئٹہ (جی این ایم) پارلیمانی سیکریٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ قانون کی بالادستی، عوام کے جان و مال کا تحفظ اور معاشرے کو منشیات سمیت دیگر سماجی برائیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات، سیکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر اتفاق

اس موقع پر خطے کی موجودہ صورتحال اور علاقائی امن و استحکام کے امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا، جبکہ دونوں وزارتوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

پاکستان اور قطر علاقائی امن و استحکام کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی گفتگو

دوحہ (جی این ایم) پاکستان اور قطر کے درمیان سکیورٹی پارٹنرشپ اور داخلی سلامتی میں تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دوحہ میں قطری ہم منصب و داخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی سے اہم ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد

ہسپتالوں سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر صحت

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، صحت کے شعبے میں بہتری اور سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات کو جدید تقاضوں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال ملاقات کر رہے ہیں

معیشت منفی سے بہتری کی جانب گامزن ہے، وفاقی وزیر خزانہ

پاکستان کی معاشی ترقی کا اصل انحصار برآمدات کے فروغ پر ہونا چاہیے تاکہ بیرونی قرضوں کے بوجھ کو کم کر کے ملک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جاسکے، وزارت خزانہ کے زیر اہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ وزارت خزانہ کے زیر اہتمام ٹیکس نظام میں اصلاحات سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ٹیکس نظام میں بہتری کیلئے اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، ٹیکس کا دائرہ بڑھانے کیلئے اقدامات کے ذریعے سے معاشی استحکام کی جانب گامزن ہیں، پائیدار معاشی ترقی کا حصول حکومتی ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، پاکستان کی معاشی ترقی پائیدار اور برآمدات پر مبنی ہونی چاہیے، پاکستان کی معیشت منفی 0.3 فیصد شرح نمو سے بہتری کی جانب آئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر صرف دو ہفتوں کی درآمدات کیلئے کافی رہ گئے تھے، جا رہے ہیں، ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو بڑھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اصلاحات کے باعث جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، معاشی اصلاحات سے شرح نمو بہتر ہوئی ہے، اصلاحات کے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

عوامی مسائل کا حل اور بلاامتیاز ترقی ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زرک مندوخیل

عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور ترقیاتی عمل کو عوامی ضروریات کے مطابق آگے بڑھانا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (جی این ایم) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، علاقے کی ترقی اور بنیادی مسائل کا حل ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے۔ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور ترقیاتی عمل کو عوامی ضروریات کے مطابق آگے بڑھانا وقت کی اہم ضرورت (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

وزیر اعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں، لیاقت بلوچ

قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (جی این ایم) رہنما جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ صنوبر انسٹیٹیوٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

بیرونی قرضوں میں 200 فیصد اضافہ

گزشتہ مالی سال کے مقابلے ایک ہزار ارب روپے سے زیادہ اضافی قرضہ ملا، دستاویز

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت کے قرضوں کے اعداد و شمار سامنے آ گئے۔ دستاویز کے مطابق مالی سال کے پہلے 3 ماہ میں بیرونی قرضوں میں 200 فیصد اضافہ ہوگیا، جولائی تا ستمبر 5 ارب 44 کروڑ 96 لاکھ ڈالر کا بیرونی قرضہ لیا گیا، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کی نسبت 3 ارب 63 کروڑ ڈالر زیادہ قرضہ حاصل کیا گیا۔ پاکستان نے گزشتہ مالی سال پہلی سہ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

دہشتگردی کیخلاف 18 قوانین اور 17 محکمے قائم کیے گئے، حمزہ شفقات

مولانا فضل الرحمان کے بلوچستان اور سیکیورٹی فورسز سے متعلق بیان کی مذمت کرتے ہیں، میر ضیاء اللہ لانگو

دو سال کے دوران 450 دہشت گرد گرفتار 1100 ہلاک ہوئے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان سے متعلق گمراہ کن بیانات دیے جا رہے ہیں اور صوبے کی صورتحال کا خیبر پختونخوا سے موازنہ کرنا درست نہیں۔ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 32)



کوئٹہ، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیر اعلیٰ کے معاون شاہ رند اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ میں فائرنگ کے واقعات دو افراد زخمی

کوئٹہ (جی این ایم) قلعہ عبداللہ میں فائرنگ کے واقعات میں ایک شخص جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

یکم جنوری سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ کرنے کی تجویز

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں یکم جنوری 2027 سے بجلی کا نیا ٹیرف 27.30 روپے فی یونٹ ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

روس کی پاک افغان کشیدگی کے خاتمے کیلئے ثالثی کی پیشکش

پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں، روسی سفیر

اسلام آباد (جی این ایم) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کے خاتمے میں تعاون کی پیشکش کر دی۔ روس کے سفیر الہرٹ پی خوریف نے انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹیجک سٹڈیز اسلام آباد میں پاک روس تعلقات کے موضوع پر خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کا جلد حل اور سرحدی گزرگاہوں کی بحالی چاہتے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کوئٹہ، میاں غنڈی میں گزشتہ شب بم دھماکہ، 2 پولیس اہلکار زخمی

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دیں، زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں گزشتہ شب ایک بم دھماکہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں اور سیکیورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں اور زخمی ہونے والے دونوں پولیس اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے پورے علاقے کو (باقی صفحہ 2 نمبر 27)



کوئٹہ، صوبائی وزیر موا صلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کو زری تعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے اس موقع پر سیکرٹری موا صلات و تعمیرات بابر خان بھی موجود ہیں

شنگھائی تعاون تنظیم پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کر سکتی ہے، اسحاق ڈار

سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے، وزیر خارجہ

توانائی میں تعاون اور عالمی معلوماتی سلامتی کو ایس سی او کا اہم حصہ بننا چاہیے، نائب وزیر اعظم کا شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب

دوشنبے (جی این ایم) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم ڈیجیٹل تبدیلی اور پائیدار اقتصادی نمو میں قائدانہ کردار ادا کر سکتی ہے، زراعت، کان کنی، معدنیات اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے حامی ہیں۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ سی پیک ایس سی او شراکت داروں کو معاشی انضمام کے مشترکہ سفر میں تیزی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے، توانائی میں تعاون اور عالمی معلوماتی سلامتی کو ایس سی او کا اہم حصہ بننا چاہیے۔ نائب وزیر اعظم نے بتایا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم کی پاکستان صدارت کا وژن پیش کیا، شنگھائی تعاون تنظیم باہمی اعتماد اور تنوع کے احترام کے اصولوں پر قائم ہے، خطے میں رابطوں کے فروغ کے لیے ایس سی او کے ساتھ مل کر (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

اردگان کا شام میں انتشار پھیلانے کی کوشش پر اسرائیل کو سخت انتباہ

شام سے اچھی خبریں موصول ہو رہی ہیں، تاہم اسرائیل وہاں بھی افراتفری پھیلانے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے، تقریر

انقرہ (جی این ایم) ترکی کے صدر رجب طیب اردگان نے شام میں انتشار پھیلانے کی کوشش پر اسرائیلی حکومت کو خبردار کر دیا۔ انقرہ میں تقریر کرتے ہوئے ترک صدر نے کہا کہ شام سے اچھی خبریں موصول ہو رہی ہیں، تاہم اسرائیل وہاں بھی افراتفری پھیلانے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے۔ ترک خبر رساں ادارے انادولو کے مطابق اردگان نے کہا کہ خطے کو بحرانوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی مشیر کھیل مینا مجید کی رہائش گاہ آمد

حکومت مغوی کی محفوظ بازیابی کے لیے تمام وسائل بکار لائے گی، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے صوبائی مشیر برائے کھیل مینا مجید سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور ان کے بھائی کے اغوا کے افسوسناک واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی بھی صوبائی وزیر داخلہ کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی زیڈ کے الپائن ویلاز کی جانب سے بیوہ مستحق اور یتیم بچوں کیلئے مفت پلاٹ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی و اسرائیلی حملے کھلی جارحیت، اسلام آباد مفاہمت بحال کی جائے، چینی وزیر اعظم

اسلام آباد معاہدے کی بحالی کی حمایت کرتے ہیں، چین عالمی فورمز پر ایران کے جائز حقوق کی حمایت جاری رکھے گا

امریکا کی جانب سے ایران پر یکطرفہ پابندیوں کی بھی مخالفت کرتے ہیں، لی چیانگ کی ایرانی نائب صدر سے ملاقات

دوشنبہ (جی این ایم) چینی وزیر اعظم لی چیانگ نے کہا کہ ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملے کھلی جارحیت ہیں، اسلام آباد مفاہمت بحال کی جائے۔ تاجکستان میں ایرانی نائب صدر سے ملاقات کے دوران چینی وزیر اعظم نے کہا کہ حملے مذاکرات کے دوران اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اجازت کے بغیر کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کی جانب سے ایران پر یکطرفہ پابندیوں کی بھی مخالفت کرتے ہیں۔ وزیر اعظم لی چیانگ (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

تحریک انصاف پر پابندی کی آئین میں بے شمار گنجائش موجود ہے، طلال چودھری

سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی نہیں لگانا چاہتے تھے، بیان

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف پر پابندی سے متعلق آئین میں ایسی بے شمار گنجائش ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی حکومت ہوتے ہوئے ہم ایسا کام نہیں کرنا چاہتے، ہم گورنر راج بھی نہیں لگانا چاہتے تھے۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ 14 سال میں تحریک انصاف نے دہشت گردی کو کوئی مسئلہ سمجھا ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ کبھی بنی گالہ یا مراد سعید کے ہاتھوں میں پوری حکومت دیں گے تو پھر ایسے ہی نتائج آئیں گے۔

امریکا ایران جنگ کے خلاف جنگ سے جلد نکل سکتا ہے: ڈونلڈ ٹرمپ

تو پیکا (جی این ایم) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف جنگ سے جلد نکل سکتا ہے، ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر نے دیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

سعودی دارالحکومت میں خطرے کا الرٹ، دو دھماکوں کی آوازیں

صنعاء (جی این ایم) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کو نشانہ بنانے والے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعویٰ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

کوئٹہ، صوبائی وزیر موا صلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کو زری تعمیر چشمہ پل کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے اس موقع پر سیکرٹری موا صلات و تعمیرات بابر خان بھی موجود ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف کا پشاور کا دورہ منسوخ

وزیر اعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف کا منگل کو ہونے والا دورہ پشاور منسوخ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کی مصروفیات کے باعث دورہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قبل ازیں، حکومتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کا خیبر پختونخوا کی مجموعی صورتحال، امن و امان، انتظامی معاملات اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جانی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعظم کے دورہ پشاور کے دوران گورنر ہاس میں ان کی زیر صدارت (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

وزیر اعظم ہشتگردی کے خلاف تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بات کیلئے تیار ہیں، رانا ثنا

کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، بلوچستان میں صوبائی حکومت مکمل طور پر وفاقی حکومت کے ساتھ تعاون کر رہی ہے

کہ ملاقاتوں میں گالی گلوچ بریگیڈ اداروں کے خلاف بیانیہ بناتا ہے، رولز، قوانین کے تحت ملاقاتوں پر پابندی لگے گی، وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ وزیر اعظم کے ساتھ دہشت گردی کے مسئلہ پر سر جوڑ کر بیٹھیں۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کے پی میں جو دہشت گردی کی صورتحال تھی اس پر صوبائی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا تھا، بلوچستان میں (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے، کور کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں رہنما ایک دوسرے پر شدید تنقید کرتے نظر آئے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے وقت میں تبدیلی، 22 اکتوبر کو صبح 11 بجے طلب

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات 22 اکتوبر 2026 کو صبح 11:00 بجے طلب کر لیا گیا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کیلئے ہے، فضل الرحمان

کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے

اس وقت طاقتوروں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے، سربراہ جمعیت

اسلام آباد (جی این ایم) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی میں بلوچستان وومن پروموٹ ٹینٹ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب پر حوثیوں کے تازہ حملوں کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ

لندن (جی این ایم) یمن کے حوثیوں کی جانب سے فوجی تربیتی کیمپ پر حملے اور سعودی عرب کی توانائی، ہوائی اڈوں اور فوجی تنصیبات کو دوبارہ نشانہ بنائے جانے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی اضافہ ہوگیا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے زیر اہتمام ٹیکس اصلاحات پر 2 روزہ ورکشاپ کا آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے زیر اہتمام پاکستان کے ٹیکس نظام کو جدید بنانے کے لیے اعلیٰ سطح کی 2 روزہ ورکشاپ کا آغاز ہوگیا۔ ورکشاپ کی تقریب (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

زرعی مصنوعات اور معدنیات میں دلچسپی؛ پاک امریکا تجارتی معاہدے میں اہم پیشرفت

وزیر تجارت سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات، ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری سمیت کئی شعبوں میں تعاون پر گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے امریکی ناظم الامور نمالی اے بیکر نے ملاقات کی جس میں پاک امریکا دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان اور سیکرٹری تجارت جواد پال بھی اس موقع پر شریک تھے۔ سیکرٹری تجارت جواد پال نے بتایا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان باہمی تجارتی معاہدے پر جاری مذاکرات میں اہم پیش (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

سعودی عرب اور مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، پاکستان کا فضائی نظام متاثر

ملک کے دیگر ائیر پورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ

اسلام آباد (جی این ایم) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سمیت ملک کے دیگر ائیر پورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ ہیں۔ جدہ، دمام، دبئی، شارجہ، قطر، ترکی جانے اور آنے والی ملکی و غیر ملکی ائیر لائنز کی 25 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ائیر پورٹ سے ریاض جانے والی تمام پروازیں منسوخ ہیں۔ جدہ، دمام، دبئی، شارجہ، قطر، ترکی جانے اور آنے والی پچاس سے زائد پروازیں متاثر ہوئیں۔ سعودی عرب کا ریاض ائیر ہر قسم کی پروازوں کے لیے تاحال بند ہے۔ علامہ اقبال (باقی صفحہ 2 نمبر 17)



کوئٹہ، صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ہما خان بلیدی کو سیکرٹری ڈبلیو ڈی شہر شاہ نورانی تکمہ حاتی امور بریفنگ دے رہے ہیں

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

کراچی میں گرمی کی شدت

کراچی میں اکتوبر نصف سے زیادہ گزرنے کے باوجود گرمی کی شدت برقرار ہے۔ شہر قائد میں شمال مغربی (بلوچستان) کی جانب سے چلنے والی ہواں کے باعث گرمی کی شدت برقرار ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں گرمی کی لہر کے اثرات آئندہ دنوں میں بھی برقرار رہ سکتے ہیں۔ بدھ اور جمعرات کو شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک تجاوز کر سکتا ہے۔ موسمیاتی ماہرین نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ شدید گرمی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، بلاضرورت دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں اور پانی کا زیادہ استعمال کریں۔ کراچی میں اکتوبر نصف سے زیادہ گزرنے کے باوجود گرمی کی شدت برقرار ہے۔ شہر قائد میں شمال مغربی (بلوچستان) کی جانب سے چلنے والی ہواں کے باعث گرمی کی شدت برقرار ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں گرمی کی لہر کے اثرات آئندہ دنوں میں بھی برقرار رہ سکتے ہیں۔ بدھ اور جمعرات کو شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ تک تجاوز کر سکتا ہے۔ موسمیاتی ماہرین نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ شدید گرمی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، بلاضرورت دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں اور پانی کا زیادہ استعمال کریں۔

گھبرائیں نہیں، مشکلات زندگی کا حصہ ہیں



تحریر: عباس مہد

انسان کا اس زندگی سے سب سے پہلا تعارف ہی چیخ اور آنسوؤں سے ہوتا ہے، اور شاید یہی اس بات کا فطری اعلان ہے کہ یہ دنیا کسی سکون گاہ کا نہیں بلکہ سخت زمینی حقائق کا نام ہے۔ ہم اکثر دوسروں کے ہنستے ہوئے چہرے، ان کا مرتب ہنستا کھیلتا خاندان اور ان کے اونچے عہدے دیکھ کر یہ گمان کر بیٹھتے ہیں کہ دکھ صرف ہماری قسمت میں لکھا گیا ہے۔ لیکن سچ یہ ہے کہ اس کرۂ ارض پر کوئی ایک بھی ایسا انسان موجود نہیں جسے زندگی نے کسی موڑ پر پچھاڑا نہ ہو۔ انسان کا اصل امتحان یہ نہیں کہ اس پر مشکل وقت آیا یا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ وہ اس تلخ حقیقت کا سامنا کس ظرف اور ہمت سے کرتا ہے۔ وقت کا سب سے بڑا اور جاندار سچ بس یہی ہے: گھبرائیں نہیں، مشکلات زندگی کا حصہ ہیں۔ دکھ اور ناامیدی انسان کو توڑنے کے لیے نہیں بلکہ اس کے اندر کی کھوکھلی خام خیالیوں کو ختم کر کے اسے مضبوط اور باخبر انسان بنانے کے لیے آتے ہیں۔ اگر ہم معاشرے کے مختلف طبقات کی پردہ پوش حقیقتوں کو قریب سے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ہر انسان اپنے حصے کی جنگ لڑ رہا ہے۔ لوگ فضا میں اڑتے ہوئے جہاز کے پائلٹ کو دیکھ کر اس کی پرتعیش زندگی پر رشک کرتے ہیں، مگر کوئی نہیں جانتا کہ جب کاکپٹ میں تمام سگنل خطرے کی گھنٹی بجاتے ہیں اور جہاز طوفانی ہواؤں کے رحم و کرم پر ہوتا ہے، تو اس وقت پائلٹ کے دل میں سینکڑوں مسافروں کی زندگی کی جو دہشت اور بوجھ ہوتا ہے وہ اس کا بلڈ پریشر کس حد تک بڑھا دیتا ہے۔ اسی طرح عدلیہ کی کرسی پر بیٹھے جج کا رعب و دبدبہ سب کو نظر آتا ہے، لیکن ایک ناکردہ گناہ انسان کو غلط فہمی یا نامکمل ثبوتوں کی بنا پر سزا سنا دینے کا جو خوف اور ضمیر کا بوجھ اس جج کی راتوں کی نیندیں حرام کرتا ہے، وہ صرف وہی جانتا ہے۔ اقتدار اور طاقت کی ان بلندیوں پر بھی انسان ذہنی سکون کے لیے گولیوں کا سہارا لے رہا ہوتا ہے۔ گھروں کی چاردیواری کے اندر جھانکیں تو گھٹن اور کڑوے زمینی حقائق کا ایک الگ ہی منظر ملتا ہے۔ اس ماں کے جگر کا زخم دیکھیے جو اپنی جوانی، صحت اور خواہشات کو بچوں پر نچھاور کر دیتی ہے، اور وہی بچے بڑے ہو کر جب اسے اپنے گھر میں ایک فالتو سامان کی طرح سمجھتے ہیں یا کسی بڑھاپا ہاؤس چھوڑ آتے ہیں تو اس کے وجود کی دھجیاں اڑ جاتی ہیں۔ اس باپ کی لرزتی ہوئی ٹانگوں اور جھکی ہوئی کمر کا درد سمجھیے جو مہنگائی کے اس دور میں صبح سے رات تک جفاکشی کرتا ہے، مگر جب جوان ہوتی بیٹی کے لیے رشتے داروں کی باتیں سنتا ہے اور اس کے ہاتھ پیلے کرنے کے لیے رقم کا بندوبست نہیں کر پاتا، تو وہ اندر سے لمحہ بہ لمحہ مرتا ہے۔ اس بہن کا دکھ دیکھیے جو بھائیوں کا گھر بسانے اور والدین کا سہارا بننے کے لیے اپنی تعلیم اور شادی کی عمر قربان کر دیتی ہے، اور اس بیٹی کا کرب دیکھیے جو اپنے باپ کی عزت اور سفید پوشی کی خاطر ایک غیر مناسب جگہ چپ چاپ بیاہ کر چلی جاتی ہے اور تمام عمر گھٹ گھٹ کر گزار دیتی ہے۔ احساسِ تنہائی اور بچھڑنے کا دکھ انسان کی روح کو اندر سے کھوکھلا کر دیتا ہے۔ اس عورت کے ویران کمرے کا تصور کیجیے جس نے کسی ایک شخص پر اپنے وجود کا سارا مان رکھ دیا تھا، اور وہ شخص اسے زندگی کے کسی موڑ پر اکیلا چھوڑ کر اپنی دنیا میں مگن ہو گیا۔ وہ ہر روز صبح اٹھ کر اپنی بکھری ہوئی ذات کو سمیٹنے کی کوشش کرتی ہے مگر ہر شام ناکام لوٹتی ہے۔ دوسری طرف سرحد پر تعینات اس سپاہی کی سچائی دیکھیے جو یخ بستہ راتوں میں، اپنے نوزائیدہ بچے کی تصویر جیب میں رکھے، گولی کا نشانہ بننے کے انتظار میں سرحد پر کھڑا ہے۔ وہ نہیں جانتا کہ اگلی صبح وہ اپنے گھر زندہ لوٹے گا یا اس کی میت جائے گی۔ اور اس بینک یا فیکٹری کے باہر چودہ گھنٹے کی ڈیوٹی دینے والے سیکیورٹی گارڈ کو دیکھیے، جو چند ہزار روپے کی نوکری کی خاطر امیروں کی گاڑیوں کے دروازے کھولتا ہے، جبکہ اس کا اپنا بچہ گھر میں دودھ نہ ملنے پر رو رہا ہوتا ہے۔ اس سماج کا سب سے تلخ اور بھیانک سچ قید خانوں میں بند انسانوں کا ہے۔ ایک لمحے کے غصے، غلط فیصلے یا نامساعد حالات کے تحت جرم کر بیٹھنے والے قیدی کا پچھتاوا دیکھیے جو دن رات سلاخوں کو تکتا رہتا ہے۔ اور اس عمر قید کے قیدی کے حالات کا اندازہ لگائیے جس کے لیے وقت جیسے ٹھہر گیا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ باہر کی دنیا آگے نکل چکی ہے، اس کے اپنوں نے اسے بھلا دیا ہے اور اب اس کی باقی ماندہ زندگی صرف چاردیواری کی بدبودار ہواؤں کی نذر ہو چکی ہے۔ چاہے وہ بے گناہ ہو یا کوئی گناہ گار، ندامت اور ماضی کو نہ بدل پانے کا کرب انسان کو جیتے جی جلا کر راکھ کر دیتا ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ پائلٹ کے کاکپٹ سے لے کر قید خانے کی تاریک کوٹھڑی تک، اور ماں کے آنسوؤں سے لے کر سیکیورٹی گارڈ کے فاقوں تک زندگی کا ہر موڑ کٹھن ہے اور ہر شخص کسی نہ کسی محاذ پر زدوکوب ہو رہا ہے۔ لیکن ان تمام سخت حالات اور کڑوی سچائیوں کے باوجود، انسان کی طاقت یہی ہے کہ وہ بزدلی چھوڑ کر حقیقت کا سامنا کرے۔ دکھ اور پریشانیاں کوئی دائمی بلا نہیں ہیں بلکہ یہ موسموں کی طرح بدلتی رہتی ہیں۔ اگر آج حالات تلخ ہیں اور زندگی آپ کا امتحان لے رہی ہے، تو مایوس ہو کر ہار ماننے کے بجائے اپنے قدم مضبوطی سے جمائیے اور خود سے کہیے کہ گھبرائیں نہیں، یہ کٹھن وقت بھی گزر جائے گا کیونکہ مشکلات ہی تو زندگی کا اصل حصہ ہیں!

☆☆☆☆

خطے میں بدلتے حالات

از قلم /// غلام رسول بلوچ

سعودی عرب اور یمن میں حوثیوں کے درمیان جنگ کے براہ راست منفی اثرات خطے میں پڑتے نظر آرہے ہیں۔

کب یہ جنگ و جدل کی بازی ختم ہوگی پہلے ایران کے ساتھ امریکہ و اسرائیل تنازعہ اور اس کے اثرات میڈلیسٹ ممالک پر پڑنا۔ پاکستان سمیت دنیا بھر کے ممالک کی معیشتوں کا بری طرح سے متاثر ہونا جس سے خطے میں عدم استحکام کا پیدا ہونا ایک تشویشناک امر ہے۔

ایک عام سا تاثر ہے کہ ایران امریکہ تنازعے کے منفی اثرات خطے پر پڑے اور مشکلات پیدا ہوئیں۔

اسرائیل اور بھارت جیسے دہشت گردی کی معاونت کرنے والے ممالک تو جنگ و جدل کو ہوا دینے کے لیے پروپیگنڈہ مہمات کو بھی چلاتے رہے ہیں۔

ایران امریکہ و اسرائیل جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان اور اس کے دوست ممالک کا کردار پوری عالمی دنیا میں سراہا جا رہا ہے لیکن ایران کو بھی اپنی مبہم پالیسیوں پر نظر ثانی کرنی ہوگی۔

خطے میں امن و استحکام کے لیے سنجیدہ غور و فکر کی ضرورت ہے۔

پاکستان میں دہشت گردی کو بھارتی معاونت حاصل ہے اور اس کا ساتھ اسرائیل و افغانستان دے رہے ہیں۔ کچھ دیگر ممالک بھی پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیے بھارت کے ہمنوا بنے ہوئے ہیں۔

افغان سرزمین اور افرادی قوت پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔

پاکستانی قوم اپنے ملکہ مفادات اور قومی بیانیے کو ترجیح دے اور ملک کے خلاف ہونے والی سازشوں کی گہرائیوں کو سمجھے۔ قربانیاں اور شہادتیں پیش کرتے ہوئے سیکورٹی فورسز کے جوان اور آفیسرز اس ملک و قوم کے بیٹے ہیں جو اس قوم اس ملک کی بقاء و تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ان کی قربانیوں اور شہادتوں کی قدر کریں اور دشمن بہکاوے میں آ کر اپنی افواج اور ملک کے قومی سلامتی کے اداروں پہ تنقید اور ہرزہ سرائی مت کریں۔

پاکستان ہے تو ہم سب ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے۔ اپنے ملک کے بقاء اور تحفظ کی جنگ ہے جسے اس قوم نے اپنی افواج اور قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ ملکر ہر محاذ پر لڑنا ہے۔

دشمن سوشل میڈیا محاذ کو پاکستان اور اس کے قومی اداروں کے خلاف استعمال کر رہا ہے دشمن کے جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں سے بچیں یہ گمراہ کرنے کی ایک سازش ہے۔ قوم متحد ہو اور اپنی مضبوط پہچان کے ساتھ ابھر کر سامنے آئے۔

قومی یکجہتی میں ہی بقاء کا راز مضمر ہے۔

اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو آمین

☆☆☆☆

(01) ... کے لیے بھارت کی جانب سے مبینہ طور پر بڑھتی ہوئی حمایت پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ لندن میں انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ فار اسٹریٹجک اسٹڈیز (آئی آئی ایس ایس) کے زیر اہتمام جنوبی ایشیا میں جوہری ڈیٹرنس اور اسٹریٹجک استحکام سے متعلق [illegible]

(02) ... دفاعی نوعیت کا قرار دیا۔ جن کا مقصد ان علاقوں میں ٹیلی کام سہولیات فراہم کرنا ہے جہاں یہ سہولیات دستیاب نہیں یا ناکافی ہیں۔ عدالت عظمیٰ نے یونیورسل سروس فنڈ کی اپیل منظور کرتے ہوئے ٹیکس حکام کی جانب سے عائد [illegible]

(05) ... وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ قطر پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ ... سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز [illegible]

... وابستگیوں سے بالاتر ہو کر کردار ادا کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کو متعلقہ حکام کے سامنے اجاگر کرنے اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد ان کے لیے اہمیت رکھتا ہے اور اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے عوامی خدمت کے جذبے سے کام [illegible]

... عالمی بانڈز کے ذریعے 2.94 ارب ڈالر قرضہ لیا، نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی مد میں 94 کروڑ 27 لاکھ ڈالر بیرونی قرض ملا، بیرونی کمرشل بینکوں سے 30 کروڑ ڈالر قرض حاصل کیا گیا۔ زیر جائزہ عرصے کے دوران عالمی اداروں سے 89 کروڑ 41 لاکھ، مختلف ممالک سے 5 کروڑ 81 لاکھ ڈالر ملے، عالمی بینک نے 35 کروڑ 90 لاکھ ڈالر [illegible]

... کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کے جانے اور لانگ مارچ کے بے نتیجہ ختم ہونے کے بعد پی ٹی آئی صفوں میں شدید مایوسی اور اندرونی چپقلش عروج پر پہنچ گئی ہے۔

(20) ... اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق اس سے قبل 22 [illegible]

... کے وزرائے اعظم کے اجلاس میں شریک تھے۔

(25) امریکی صدر ٹرمپ کا ریاست کنساس میں انتخابی ریلی سے خطاب میں کہنا تھا کہ ایران کی فوجی صلاحیت اور قیادت کو شدید نقصان پہنچایا جا چکا ہے، ایران کی بحریہ، فضائیہ، ریڈار اور فضائی دفاعی نظام [illegible]

... محمد نامی شخص زخمی ہو گیا ملزمان موٹر سائیکل چھیننے کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

(32) ... اور اس جنگ میں کامیابی کے لیے حکومت، سیکیورٹی اداروں اور ریاستی اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کے [illegible]

[illegible]

(01)

کے مطابق واقعہ مند کے علاقے بلوچ آباد میں پیش آیا، جہاں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اورنگزیب مجید کو اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعے کے حوالے سے پولیس کا باضابطہ مؤقف تاحال سامنے نہیں آیا، تاہم صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے پریس کانفرنس کے دوران واقعے کی تصدیق کر دی۔ واقعے کے بعد مغوی کی بازیابی اور اغوا میں ملوث افراد کی گرفتاری سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنے کا انتظار ہے۔

(02)

مفاہمتی یادداشت پر دستخط کل دوحہ میں متوقع ہیں۔ ترک میڈیا کے مطابق ترک وزیر دفاع یاشار گولر دستخط کی تقریب میں شرکت کے لیے آج قطر روانہ ہوں گے۔

(03)

ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 قیام امن میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ بلوچستان اس وقت عدم استحکام اور بدامنی کی جس نہج پر پہنچ چکا ہے، وہاں زبانی طفل تسلیاں اور روایتی اقدامات اپنا اثر بالکل کھو چکے ہیں۔ عوام کی جان، مال اور عزت داؤ پر لگی ہوئی ہے جبکہ متعدد علاقے عدم تحفظ کی وجہ سے شدید بحران کا شکار ہیں۔ جب تک امن وامان کی فضا قائم نہ ہو، اس وقت تک ترقی ممکن نہیں۔ پائیدار قیام امن کے لیے سماجی اور معاشی انصاف ناگزیر ہو چکا ہے۔ جب تک معاشرے کے ہر طبقے کو برابر کے حقوق اور انصاف فراہم نہیں ہوگا، حقیقی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ بلوچستان کی سب سے بڑی پکار امن ہے ہوتی ہے۔

(04)

نہیں جانے دیں گے جمعیت علماء اسلام سمیت اقلیتی برادری کے محب وطن شہری پاک افواج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتی نمائندگاں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر فوکل پرسن اقلیتی امور لکھی عامر چنڈال لکھی عمران چنڈال بھی موجود تھے۔

(05)

اور تاجروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ٹریفک پولیس کی مبینہ ملی بھگت اور غفلت کے باعث ممنوعہ اوقات میں بھی سنگین اور ہیوی گاڑیاں مین بازار میں بلاروک ٹوک داخل ہو رہی ہیں، جبکہ مقامی انتظامیہ اس صورتحال سے مکمل طور پر غائب دکھائی دیتی ہے۔ بازار میں ہیوی ٹریفک کے بے ہنگم دباؤ کی وجہ سے نہ صرف کاروباری سرگرمیاں معطل ہو کر رہ گئی ہیں بلکہ اسکولوں کی چھٹی کے اوقات میں طالب علموں اور خردسال بچوں کو گھروں کو واپسی کے دوران شدید دشواری اور خطرات سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔ استاد محمد کے شہریوں اور متاثرہ عوام نے اعلیٰ حکام اور ضلع انتظامیہ سے فوری اور سخت نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اپیل کی ہے کہ مین بازار کے اندر ہیوی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل اور سخت پابندی عائد کی جائے، ٹریفک کی روانی کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور اس غفلت میں ملوث ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

(06)

زائد کشمیریوں کو مظاہروں کے دوران شہید کیا گیا، اس ظالم حکومت اور نظام کے خلاف خاموش رہنا اور آواز نہ اٹھانا اب خود ایک بہت بڑا جرم بن چکا ہے۔ ملکی انتخابات اور عوام کے مینڈیٹ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے محمود اچکزئی کا کہنا تھا کہ چار کروڑ عوام کی رائے دہی اور ووٹ کا بھیانک مذاق اڑایا گیا، جسے فوری طور پر روکا جانا چاہیے، عمران خان اچھا ہو یا برا لیکن یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ 2024 کا الیکشن عمران خان اور اس کی پارٹی نے واضح طور پر جیتا تھا مگر حکمران طبقہ وہ مینڈیٹ دینے کے لیے ہرگز تیار نہیں تھا، یہ لوگ پہلے دن سے ہی اس کوشش میں لگے ہوئے تھے اور انہوں نے لوگوں کو ڈرا دھمکا کر قومی اسمبلی کی نشستیں کم کر کے 70 پر لا کھڑا کیا۔ عدالتوں اور دیگر اداروں کے کردار پر تنقید کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ عدالتوں اور مقتدرہ نے مل کر عوام کے مینڈیٹ کے خلاف ایک محاذ بنا لیا ہے، عدالتوں کے ذریعے ایک سیاسی جماعت سے اس کا انتخابی نشان چھین لیا گیا، جو کہ دنیا میں کہیں نہیں ہوتا، تحریک انصاف کے لوگوں کو باہر پھینکا گیا اور ان کی اقلیتوں اور خواتین کی مخصوص نشستیں باقی پارٹیوں میں باقاعدہ مال غنیمت کے طور پر بانٹ دی گئیں، انتہائی دکھ کی بات ہے کہ بدقسمتی سے کسی ایک پارٹی نے بھی یہ کہہ کر انکار نہیں کیا کہ یہ نشستیں ان کا حق نہیں بنتیں۔ سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے خبردار کیا کہ آخری مورچہ جو عمران خان کی پارٹی کا تھا، جس کو عوام کے چار کروڑ ووٹ ملے تھے، اب اس پر بھی حملے کیے جا رہے ہیں، ججز سمیت جو بھی انسان انصاف، سیاست اور بنیادی حقوق پر یقین رکھتا ہے، اسے دیکھنا چاہیے کہ عوام کے مینڈیٹ اور حکومتیں چھینے جانے کے بعد انہیں احتجاج کرنے کا حق بھی نہیں دیا جا رہا، اگر عدالتوں نے آئین و قانون کے مطابق منصفانہ فیصلے نہ کیے تو پھر فیصلے سڑکوں پر ہوں گے، جو کہ ملک کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوں گے، تمام سیاسی قوتوں اور ذمہ داران کو ملک کو تباہی کے کنویں سے بچانے کے لیے فوری ہوش کے ناخن لینے ہوں گے۔

(07)

16/12/2024 اور مقدمہ نمبر 4/2026 درج ہے، جن میں وہ عدالت سے عارضی ضمانت پر تھا۔ عدالت کی جانب سے عارضی ضمانت منسوخ کیے جانے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم غلام فرید خود کو پاک فوج کا جعلساز کرنل ظاہر کر کے مختلف اداروں اور عام شہریوں کو بلیک میل اور دھوکہ دیا کرتا تھا، جبکہ وہ ضلع مستونگ کے تھانہ دشت میں بھی سنگین مقدمات میں اشتہاری اور پولیس کو مطلوب تھا۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزم کے دو بھائی، فرحان علی اور فہد حسین بھی قانون کی نظر میں اشتہاری ہیں اور ان کے خلاف شہریوں کے گھروں کو زبردستی مسمار کرنے، گھیرا جلاؤ اور مال مویشی چوری کرنے کے جرم میں متعدد مقدمات درج ہیں۔ پولیس نے نامزد اور اشتہاری بھائیوں کی گرفتاری کے لیے بھی ممکنہ ٹھکانوں پر چھاپہ مار کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں نے جعلساز ملزم کی گرفتاری پر پولیس کے اس اقدام کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔

(08)

احتجاج کیا۔ اس موقع پر عبدالجبار تنیو میٹرک خان جمالی، ظہیر احمد اور غلام دستگیر عمرانی سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے مبینہ طور پر آئے روز جرمانے عائد کرنے اور دکانیں سیل کرنے سے تاجروں کو مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے جس سے ان کے کاروبار شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر تاجروں کے تحفظات دور کیے جائیں اور انہیں کاروبار جاری رکھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے عوامی ریلیف اور انتظامی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ عوامی مسائل کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کر رہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق انتظامی اقدامات کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور سرکاری امور میں بہتری لانا ہوتا ہے جبکہ تاجروں کے تحفظات کو بھی افہام و تفہیم سے حل کیے جانے چاہئیں۔

(09)

اہم ملاقات کی۔ وزارت آئی ٹی سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران پاکستان میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور جدید ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور عالمی ٹیک اداروں کے مابین اشتراک کار کو وسعت دے کر ملکی آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ شزا فاطمہ خواجہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے جس کا مقصد انسانی وسائل کو بین الاقوامی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس سیکٹر میں عالمی ٹیکنالوجی لیڈرز سے قریبی رابطے اور ان کی مشاورت سے پاکستان میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مضبوط اور بیرونی سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے میں کلیدی ثابت ہوں گی۔

(10)

جبکہ کئی مکانات کو خستہ حال قرار دیا گیا تھا۔ متاثرین کی بحالی اور گھروں کی دوبارہ تعمیر کے لیے عالمی بینک کی جانب سے فنڈز فراہم کیے گئے، جن کے تحت نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کے ذریعے بعض متاثرین کو مالی امداد فراہم کی گئی، تاہم اوستہ محمد اور اس کے گردونواح کے دیہی علاقوں میں مستحق خاندان آج بھی امداد کے منتظر ہیں۔ متاثرین کے مطابق اس منصوبے کو شروع ہوئے دو سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود متعدد متاثرین کو گھروں کی تعمیر کے لیے مالی امداد فراہم نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ خاندان آج بھی مشکلات میں زندگی گزار رہے ہیں اور کئی ایسے تباہ شدہ گھروں کی تعمیر نو کے لیے حکومتی امداد کے منتظر ہیں۔ متاثرین نے وفاقی وزیر جاوید نواب جام کمال خان عالیانی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ اہل اور مستحق خاندانوں کی فہرستوں کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور نظرانداز کیے گئے متاثرین کو فوری طور پر مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے تباہ شدہ مکانات دوبارہ تعمیر کر کے اپنے اہل خانہ کے ساتھ باعزت اور پرسکون زندگی گزار سکیں۔

(11)

پولیس کے مطابق ایس ایچ او ودا حیدر خان کی قیادت میں بی ڈی ایس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دھماکا خیز مواد کو ناکارہ بنایا۔ آئی ای ڈی میں تقریباً 5 سے 6 کلوگرام بارودی مواد موجود تھا۔ ڈی پی او محکم صلاح الدین کنڈی نے علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے میں ممکنہ خطرات کے پیش نظر امن وامان برقرار رکھنے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

(12)

کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ اس حوالے سے دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ اسکول گزشتہ دو سال سے باقاعدگی کے ساتھ کھلا اور فعال رہا ہے، تاہم اس کے باوجود اسے مبینہ طور پر نان فنکشنل قرار دیئے جانے پر متعلقہ محکمہ تعلیم کے کردار پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسکول کو نان فنکشنل قرار دیئے جانے سے متعلق اسکول ٹیچر کو بھی کسی قسم کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ مزید یہ کہ ضلعی انتظامیہ یا محکمہ تعلیم کی جانب سے اسکول کے دورے کے دوران متعلقہ حکام یا آر ٹی ایس ایم ایس (RTMS) کی جانب سے اسکول کو بند یا غیر فعال ظاہر نہیں کیا گیا، تاہم ریکارڈ میں تبدیلی کے بعد نگرانی کے نظام اور رپورٹ کی بنیاد پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں کہ اگر اسکول باقاعدگی سے کھلا رہا تو اسے کس بنیاد پر نان فنکشنل قرار دیا گیا۔ اس معاملے کی وضاحت متعلقہ حکام کی جانب سے ضروری ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی فوری شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، اساتذہ کی حاضری، رجسٹر، ریکارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات چیک کی جائیں، جبکہ آر ٹی ایس ایم کی جانب سے جاری رپورٹ کا بھی تفصیلی جائزہ لیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران کوئی غلطی یا غفلت ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ معاملے میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

(13)

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ضلع میں انتظامی امور کو موثر بنانے، سرکاری محکموں کی کارکردگی کو موثر بنانے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن میڈم سائرہ عطا نے ضلع کے انتظامی معاملات کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایات دیں۔ میٹنگ میں ضلع کی بہتری اور عوامی مفاد سے متعلق امور کو اہمیت دی گئی۔

(14)

نے بھی اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ سگریٹ نوشی کی وجہ سے مشکلات ہوتی ہیں۔ ارکان کی شکایت پر اسپیکر ایاز صادق کا کہنا تھا کہ پبلک مقامات پر سگریٹ نوشی پر پابندی پہلے ہی عائد ہے، پارلیمنٹ میں بھی سگریٹ نوشی پر پابندی ہے، اس کے علاوہ سگریٹ نوشی کی جگہ بنائی جائے گی۔

(15)

نے دسمبر میں وطن واپس جانے کے ارادے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ طارق رحمٰن کی قیادت میں قائم ہونے والی حکومت میں ان کی جماعت کے کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے یہ بات آن لائن خطاب کرتے ہوئے کہی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شیخ حسینہ 2024 میں اپنی حکومت کے خاتمے کے بعد سے بھارت میں مقیم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں بنگلہ دیش واپس جاؤں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں خوف زدہ نہیں ہوں، یہ کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو، مجھے اس کی پروا نہیں، مجھے واپس جانا ہے، واپس جانا میری ذمہ داری ہے، تاہم انہوں نے واپسی کی حتمی تاریخ نہیں بتائی۔

(16)

نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ تحریری فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی نے جاری کیا ہے۔ فیصلے میں قائداعظم محمد علی جناح کی اپریل 1948 میں پشاور میں سول افسران سے کی گئی تاریخی تقریر کو ملازمین کے لیے اصول بنایا گیا ہے۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ قائداعظم نے کہا تھا حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں، سول سرونٹس کسی بھی سیاسی جماعت یا سیاستدان کے اثر میں نہ آئیں، قائداعظم نے کہا تھا کہ سرکاری ملازم ریاست کے ملازم ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے فیصلے میں کہا کہ افسران بلاخوف و خطر اور دیانتداری کے ساتھ ریاست اور عوام کی خدمت کریں، قائداعظم نے رشوت ستانی اور اقربا پروری جیسے مہلک امراض ختم کرنے کا کہا تھا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ کے 15 فروری 2022 کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا، اسلام آباد ہائی کورٹ نے بی پی ایس 19 سے بی پی ایس 20 میں ترقی کو درست قرار دیا تھا۔ مقدمے کے مطابق مدعی طاہر 1999 میں سی ایس ایس امتحان پاس کر کے پولیس سروس آف پاکستان (PSP) میں شامل ہوئے، 22 جون 2007 کو گریڈ 18 اور 16 جنوری 2015 کو گریڈ 19 میں ترقی دی گئی تھی۔ نیب ریفرنس میں سزا کے باعث 2018 اور 2019 میں ترقی کے لیے ان کے نام پر غور نہیں کیا گیا۔ 8 نومبر 2019 کو احتساب عدالت نے انہیں بری کیا۔ بعد ازاں سندھ ہائی کورٹ نے 24 فروری 2020 کو فیصلہ دیا۔ جنوری 2020 میں سنٹرل سلیکشن بورڈ کے اجلاس میں افسر کی ترقی کا معاملہ دوبارہ زیر غور آیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے سنگل بینچ اور ڈویژن بینچ نے افسر کی ترقی کی درخواست منظور کی۔ عدالت نے قرار دیا کہ بورڈ نے تمام قواعد و ضوابط اور سول سروس رولز پروموشن رولز 2019 کے تحت فیصلہ کیا۔

(17)

لگ گئی۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب فورس نے اسرائیل کو نشانہ بنایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران نے بیان کے حوالے سے ابتدائی طور پر جانی یا مالی نقصانات کی کوئی تفصیل سامنے نہیں آئی ہے۔

(18)

اور خیبر پختونخوا میں گھریلو سلنڈر 6 ہزار روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دنوں میں ایل پی جی کی قیمت مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ اوگرا نے اکتوبر کے لیے فی کلو 279 روپے گھریلو سلنڈر کی قیمت 3350 روپے مقرر کر رکھی ہے۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز نے کہا کہ اوگرا اور نیب کو ایل پی جی کی لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔ قیمت کو کنٹرول کرنے کے لیے حکومت اپنے ایس ایس جی کی ٹرمینل کو استعمال کرے اور فوری ایل پی جی درآمد کی جائے۔

(19)

نے سوئی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد ڈیرہ بگٹی بلوچستان کے گزشتہ ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، جاری ترقیاتی کاموں کے معیار اور شفافیت کو یقینی بنانا تھا۔ دورے کے دوران سیکرٹری بلدیات اور تعمیرات عبدالرؤف بلوچ، ڈائریکٹر جنرل پی اینڈ ڈی بشیر احمد بنگلزئی، سیکرٹری صحت شاہ زیب کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری (پی ایچ ای) و دیگر اعلیٰ حکام شامل تھے۔ دورے کے دوران متعلقہ ترقیاتی منصوبوں پر جاری کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا اور تعمیراتی کاموں کی رفتار، معیار اور مقررہ معیار کے مطابق تکمیل کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر منصوبوں پر عمل درآمد کی صورت حال کا مشاہدہ کیا گیا۔ حکام کو ہدایت کی گئی کہ تمام ترقیاتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں اور عوامی وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کی بنیادی شرط ان کی بروقت اور معیاری تکمیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی فنڈز کو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے شفاف انداز میں استعمال کیا جائے۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوامی فنڈز کے استعمال میں غلطی، نقائص یا تاخیر کی صورت میں ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت، تعلیم، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کے موثر نگرانی کے لیے شفاف انداز میں اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچ سکیں۔ بلوچستان کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ان کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی حکومتی پالیسی کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔

(20)

کے حوالے سے نہ تو اسکول ٹیچر کو آگاہ کیا گیا اور نہ ہی اسکول انتظامیہ کو اس بارے میں کوئی اطلاع دی گئی۔ مزید یہ بھی بتایا جا رہا ہے کہ گزشتہ دو سال کے دوران بھی کسی متعلقہ افسر یا آر ٹی ایس ایم ایس (RTMS) کی جانب سے اسکول کو غیر فعال ظاہر نہیں کیا گیا۔ اس صورتحال نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے کہ اگر اسکول باقاعدہ طور پر فعال تھا تو اسے نان فنکشنل قرار دینے کی بنیاد کیا ہے۔ متاثرہ اساتذہ اور شہریوں نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی فوری نوٹس لے کر شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، اساتذہ کی حاضری اور دیگر ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی جائے اور اگر کسی افسر کی غفلت ثابت ہو تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

تاکہ تعلیمی اداروں کے حوالے سے حقائق پر مبنی رپورٹنگ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

(21)

وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر تحریک انصاف اسمبلیوں سے استعفے دیتی ہے تو 40 ارکان استعفے نہیں دیں گے۔

(22)

کے ذریعے شہری 24 گھنٹے مستند ڈاکٹروں سے طبی مشاورت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سہولت صوبے کے مختلف علاقوں میں رہنے والے افراد کو گھر بیٹھے ڈاکٹر سے رابطے، عام بیماریوں کے علاج سے متعلق رہنمائی اور ادویات کے بارے میں معلومات کی فراہمی میں معاون ثابت ہوگی۔ ایپ کے ذریعے شہری بچوں کی صحت، خواتین کی صحت، عام بیماریوں کی رہنمائی اور صحت سے متعلق آگاہی کے لیے بھی سہولیات سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس اقدام کے تحت بلوچستان کے شہریوں کو ڈیجیٹل ہیلتھ پلیٹ فارم کے ذریعے گھر بیٹھے رہنمائی فراہم کرنے، علاج معالجے کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے، غیر ضروری سفری مشکلات کم کرنے اور صحت کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ صحت ڈیلر ایپ بالخصوص ان علاقوں کے رہائشیوں کے لیے اہم ثابت ہوگی جہاں طبی مراکز تک رسائی میں دشواری کا سامنا رہتا ہے۔ پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے اس اقدام کا مقصد صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو مزید موثر، آسان اور عوام دوست بنانا ہے تاکہ صوبے کے شہری جدید اور ڈیجیٹل نظام سے مستفید ہو سکیں۔ شہری صحت ڈیلر کی ویب ایپ اور اینڈرائیڈ ایپ کے ذریعے فراہم کردہ کیو آر کوڈ اسکین کر کے بھی اس سہولت تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ صحت ڈیلر ٹیلی ہیلتھ ایپ بلوچستان میں ڈیجیٹل صحت کے فروغ اور معیاری طبی مشاورت کو عوام کی دسترس میں لانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

(23)

ہمارا عزم ہے۔ 13 سال کا گند تین دن میں صاف نہیں ہو سکتا، وقت لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، لوگ غیر قانونی تجاوزات خود ہٹا دیں ورنہ حکومت ایکشن لے گی، کسی کی سفارش نہیں چلے گی، تجاوزات پر زیرو ٹالرنس ہوگی۔ گورنر فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کو ستھرا بنانے کے لیے صفائی مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ دوسری جانب خیبرپختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبے میں عوام کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے متحرک ہو گئے ہیں۔ صوبائی انتظامیہ کی جانب سے خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی اور کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہر میں بازاروں، تجارتی مراکز، رہائشی علاقوں اور عوامی مقامات پر صفائی مہم جاری ہے جبکہ متعلقہ عملہ ان کاموں پر معروف عمل ہے۔ صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کے تحت تمام ادارے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو بھرپور انداز میں مکمل کریں گے تاکہ شہریوں کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔

(24)

جمع کروانے کی ہدایت دی اور سماعت 2 نومبر تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ میر رضا قتل کیس پر جوڈیشل کمیشن کی کارروائی جاری ہے۔ پولیس کے مطابق میر رضا کی لاش جولائی میں گلستان کے علاقے سے ملی تھی، واقعے کا مقدمہ تھانہ فیروز آباد میں درج کیا گیا تھا۔

(25)

کے دو روزہ دورے پر استقبال وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل (جنوبی ایشیا و سارک)، پاکستان میں مالدیپ کے ہائی کمشنر اور دیگر حکام نے کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کی دعوت پر سرکاری دورے پر پاکستان آئے ہیں۔ دورے کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کریں گے، مالدیپ کے صدر وزیراعظم شہباز شریف سے بھی ملاقات کریں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات تلاش کیے جائیں گے۔ دورے کے دوران دو طرفہ تعاون کے مختلف شعبوں میں متعدد معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط متوقع ہیں۔

(26)

سے تحت لاہور کی ڈیفامیشن ٹربیونل میں اپوزیشن لیڈر معین ریاض قریشی کے خلاف 8 کروڑ 40 لاکھ روپے ہرجانے کا دعویٰ دائر کیا تھا۔ معین ریاض قریشی نے کیس میں دلائل دیئے۔ عظمیٰ بخاری کی جانب سے ان کے وکیل علی بخاری نے دلائل دیے کہ معین ریاض قریشی نے ایک ٹی وی پروگرام کے دوران الزام عائد کیا تھا کہ عظمیٰ بخاری نے اپنے عہدے کا غلط استعمال کرتے ہوئے 150 سے 200 کے قریب افراد کو بھرتی کیا۔ معین ریاض قریشی کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ان کے مؤکل نے کوئی غلط بات نہیں کی، یہ الزامات بے بنیاد ہیں۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد ... اپوزیشن لیڈر معین ریاض قریشی کو 30 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے کیس کا فیصلہ سنا دیا۔

(27)

بتایا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی واضح ہدایات کے مطابق تمام ڈی ڈی اوز ماہانہ 15 تاریخ تک اپنے محکموں میں حاضر سروس ملازمین کی تفصیلات فہرست متعلقہ خزانہ آفس میں جمع کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے یہ عمل ضروری ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ناصر نے کہا کہ تمام محکموں کے ڈی ڈی اوز اس ہدایت پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں تاکہ سرکاری امور بروقت انجام دیے جا سکیں اور ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔

مکمل ریکارڈ مقررہ تاریخ تک خزانہ آفس میں جمع کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری امور میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی میں غیر ضروری تاخیر سے بچنے کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مزید واضح کیا کہ ریکارڈ بروقت جمع نہ کروانے کی صورت میں متعلقہ ڈی ڈی اوز ذمہ دار ہوں گے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تمام محکمے مقررہ ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے تاکہ ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی ممکن ہو سکے۔ متعلقہ افسران نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں بروقت ادا کریں گے اور مقررہ ضابطہ کار کی پابندی کو یقینی بنائیں گے۔

(28)

بنانے اور محصولات کی وصولی کے مجموعی حجم میں اضافہ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکس وصولی کے اہداف کے حصول کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے اور محصولات کے فرق کی نشاندہی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دستیاب معلومات اور وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے ٹیکس وصولی کو بڑھایا جائے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے میں ٹیکس کی وصولی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور محصولات میں اضافے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

(29)

ساتھیوں کی سفارش پر مسلم لیگ (ن) کی مرکزی قیادت کے احکامات کے مطابق ڈی ایس پی (پولیس) کے 11 افسران کے تبادلے کیے گئے، جبکہ ضلع بلوچستان پولیس کے 5 افسران و اہلکار شامل ہیں۔ دونوں یونٹس کے ڈی ایس پیز کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے۔

(30)

کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اساتذہ اور طالبات کی حاضری کا جائزہ لیا گیا جبکہ تدریسی سرگرمیاں جاری پائی گئیں۔ انہوں نے اسکولوں میں تعلیمی عمل کا جائزہ لیا اور تعلیمی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بعد ازاں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان نے جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کے دوران اسکولوں کی کارکردگی، تعلیمی معیار، اساتذہ کی حاضری اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سلسلے میں ڈی ای او نے کلسٹر ہیڈز کو اسکولوں کی مانیٹرنگ مزید موثر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اسکولوں میں بہتر تعلیمی ماحول، اساتذہ کی بروقت حاضری اور کلسٹر نظام کو فعال بنانے پر زور دیا۔ اجلاس کا مقصد تعلیمی اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانا اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے جاری اقدامات کو مزید موثر بنانا تھا۔

(31)

اور اسرائیل کے درمیان مذاکرات ہوں گے۔ ملاقات اسرائیل میں 27 اکتوبر کو ہونے کی توقع ہے۔ پارلیمانی انتخابات سے صرف آٹھ روز قبل ہوگی۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کے بعد ایران کے خلاف دوبارہ کارروائی کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ امریکا اور اسرائیل کے درمیان تعلقات پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے انتخابات سے قبل یہ ملاقات اہم سمجھی جا رہی ہے۔ امریکا کے دفتر سے جاری بیان میں یہ بات سامنے آئی۔

(32)

تقریب میں فائرنگ کے بعد بندوق میں موجود ایک گولی اچانک چل گئی جس سے دولہا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ایک خاندان میں شادی کی تقریب جاری تھی کہ خوشی میں فائرنگ کی جا رہی تھی کہ اسی دوران حادثہ پیش آیا۔ زخمی دولہا کو فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا جہاں اسے طبی امداد دی گئی۔ واقعے کے بعد شادی کی تقریب میں خوشیاں غم میں تبدیل ہو گئیں۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

(33)

میں وفاقی سیکرٹری میری ٹائم افیئرز محمد آغا، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری، کمشنر مکران ڈویژن اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گوادر کی ترقی اور عوامی منصوبوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

مشیر نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معاشی امکانات سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں نجی شعبے کے اشتراک سے سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کو نئی جہت دی جا سکتی ہے۔

(34)

پر یونین کونسلوں کے چیئرمینوں نے ڈسٹرکٹ چیئرمین مولوی محمود شہداد کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے تحت فراہم کردہ سامان اور وسائل کو شفاف اور منصفانہ طریقے سے استعمال کیا جائے گا۔ یہ اقدامات علاقے میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دیں گے۔ یونین کونسلوں کے چیئرمینوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان اقدامات سے مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی میں مدد ملے گی۔

(35)

تمام اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف دکانوں کا معائنہ کیا اور مرغی کی خرید و فروخت کے ریکارڈ اور قیمتوں کا جائزہ لیا۔ اس دوران گراں فروشی کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ مرغی فی کلو 455 روپے اور 700 سے 720 روپے فی کلو کے نرخ پر فروخت کرنے کی اجازت ہے، مقررہ نرخوں اور قیمتوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ شہریوں کو معیاری اشیاء مناسب قیمتوں پر فراہم کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ اس سلسلے میں گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ ایسے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی جو مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرتے ہیں۔ اس حوالے سے شہریوں کو بھی ہدایت کی گئی کہ وہ گراں فروشی کی صورت میں انتظامیہ کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی کی جا سکے۔

(36)

جماعت کی مرکزی قیادت کے ہر حکم پر لبیک کہتے ہیں اور جماعت کے فیصلوں پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حالات میں جماعت کا کردار انتہائی اہم ہے اور عوام کے مسائل کے حل کے لیے جماعت ہر ممکن کردار ادا کرے گی۔ بعد ازاں جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت میں جماعت ملک کے استحکام اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

(37)

بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صحت عامہ کے شعبے میں بہتری اور عوام دوست اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مریضوں کو معیاری علاج کی سہولت فراہم کرنے کے لیے اسپتالوں میں ادویات اور دیگر سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے کہا کہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔

(38)

دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ایس ایس پی کو علاقے میں امن وامان کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ پولیس حکام کے مطابق خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور ان کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔ بعد ازاں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سے تفتیش جاری ہے اور مزید انکشافات متوقع ہیں۔ پولیس نے جرائم کی روک تھام کے لیے کارروائیاں مزید تیز کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔

(39)

جانے والے دو فیصد مالی تعاون کے ثمرات حقیقی مستحقین تک پہنچانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مزدوروں کے بچوں کی تعلیم، صحت اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے لیے وظائف اور فنڈز فراہم کیے جائیں گے۔ اس موقع پر مزدوروں کے حقوق اور فلاحی سہولیات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ورکرز ویلفیئر بورڈ اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کے حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان ورکرز کنفیڈریشن کے صدر سیف اللہ یوسفی، پاکستان مائنز ورکرز فیڈریشن کے چیف آرگنائزر حاجی عثمان علی، پی ایم ڈی سی یونین کے صدر عبدالحئی، ڈیگاری کول مائنز کے جمعہ خان ناصر، یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین کے نمائندوں، پی ایم ڈی سی سورینج کے صدر محمد شیر، جنرل سیکرٹری امیر خان، حبیب اللہ کول مائنز کے چمن گل سمیت دیگر مزدور رہنماؤں نے کول مائنز کے ورکرز کے مسائل اور ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شرکاء نے مطالبہ کیا کہ کان کنوں کے بچوں کو تعلیمی وظائف فراہم کیے جائیں۔

(40)

جواب میں وفاقی وزیر نے بتایا کہ گزشتہ سال وزارت مواصلات کے منصوبوں کے لیے 224 ارب روپے مختص کیے گئے تھے جبکہ اس وقت 66 منصوبوں کی مجموعی تخمینہ لاگت تقریباً 3 ہزار ارب روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے اور ان کی تفصیلات متعلقہ کمیٹیز کو فراہم کر دی گئی ہیں۔ امن وامان کی صورتحال کے باعث بعض سڑکوں کی تعمیر میں تاخیر ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ این 25 شاہراہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کی تخمینہ لاگت 400 ارب روپے ہے اور اس پر کام جاری ہے۔ توقع ہے کہ شاہراہ 2027 کے اختتام یا 2028 کے اوائل تک مکمل ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سڑکوں کے منصوبوں سے متعلق سینیٹرز کے تحفظات دور کرنے اور متعلقہ منصوبوں کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

(41)

شاہراہ پر سفر کرنے والے ٹرانسپورٹرز مسافروں کو دن میں لوٹ کر با آسانی فرار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب کارروائی کرنے پر پولیس کی ٹیم کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ڈکیتی کی وارداتوں کے مرتکب ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ایس پی نے کہا کہ 65 پر ملک بھر کے ٹرانسپورٹرز مسافر سفر کرتے ہیں، ان کے تحفظ کے لیے لاکھوں افراد کی آمدنی کا ذریعہ ہے۔

(42)

بل 2025، قومی سلامتی کونسل ترمیمی بل 2025، اسلام آباد تحفظ کرایہ داری ترمیمی بل 2025 اور قومی شاہراہ ترمیمی بل 2025 کی منظوری شامل ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان ہلال احمر ترمیمی بل 2025، صوبائی موٹر گاڑیوں ترمیمی بل 2025، پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، اسلام آباد بزرگ شہری ترمیمی بل 2025، قومی کمیشن برائے حقوق اطفال ترمیمی بل 2025، قانون شہادت ترمیمی بل 2025 اور پاکستان ماحولیاتی تحفظ ترمیمی بل 2025 کی منظوری بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔

(43)

داری سے کہ قومی اثاثوں اور منصوبوں سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے انہیں نقصان پہنچانے کے بجائے ملک اور صوبے کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی مسائل کے حل اور قومی مفاد کے منصوبوں پر توجہ دے رہی ہے۔ صوبائی وزراء اور دیگر رہنما بھی اس موقع پر موجود تھے۔

(44)

کے مطابق واقعہ مند کے علاقے بلوچ آباد میں پیش آیا، جہاں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مسلح افراد مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اورنگزیب مجید کو اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعے کے حوالے سے پولیس کا باضابطہ مؤقف تاحال سامنے نہیں آیا، تاہم صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے پریس کانفرنس کے دوران واقعے کی تصدیق کر دی۔ واقعے کے بعد مغوی کی بازیابی اور اغوا میں ملوث افراد کی گرفتاری سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنے کا انتظار ہے۔

(45)

مفاہمتی یادداشت پر دستخط کل دوحہ میں متوقع ہیں۔ ترک میڈیا کے مطابق ترک وزیر دفاع یاشار گولر دستخط کی تقریب میں شرکت کے لیے آج قطر روانہ ہوں گے۔

(46)

ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 قیام امن میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ بلوچستان اس وقت عدم استحکام اور بدامنی کی جس نہج پر پہنچ چکا ہے، وہاں زبانی طفل تسلیاں اور روایتی اقدامات اپنا اثر بالکل کھو چکے ہیں۔ عوام کی جان، مال اور عزت داؤ پر لگی ہوئی ہے جبکہ متعدد علاقے عدم تحفظ کی وجہ سے شدید بحران کا شکار ہیں۔ جب تک امن وامان کی فضا قائم نہ ہو، اس وقت تک ترقی ممکن نہیں۔ پائیدار قیام امن کے لیے سماجی اور معاشی انصاف ناگزیر ہو چکا ہے۔ جب تک معاشرے کے ہر طبقے کو برابر کے حقوق اور انصاف فراہم نہیں ہوگا، حقیقی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ بلوچستان کی سب سے بڑی پکار امن ہے ہوتی ہے۔

(47)

نہیں جانے دیں گے جمعیت علماء اسلام سمیت اقلیتی برادری کے محب وطن شہری پاک افواج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتی نمائندگاں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر فوکل پرسن اقلیتی امور لکھی عامر چنڈال لکھی عمران چنڈال بھی موجود تھے۔

(48)

اور تاجروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ٹریفک پولیس کی مبینہ ملی بھگت اور غفلت کے باعث ممنوعہ اوقات میں بھی سنگین اور ہیوی گاڑیاں مین بازار میں بلاروک ٹوک داخل ہو رہی ہیں، جبکہ مقامی انتظامیہ اس صورتحال سے مکمل طور پر غائب دکھائی دیتی ہے۔ بازار میں ہیوی ٹریفک کے بے ہنگم دباؤ کی وجہ سے نہ صرف کاروباری سرگرمیاں معطل ہو کر رہ گئی ہیں بلکہ اسکولوں کی چھٹی کے اوقات میں طالب علموں اور خردسال بچوں کو گھروں کو واپسی کے دوران شدید دشواری اور خطرات سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔ استاد محمد کے شہریوں اور متاثرہ عوام نے اعلیٰ حکام اور ضلع انتظامیہ سے فوری اور سخت نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اپیل کی ہے کہ مین بازار کے اندر ہیوی گاڑیوں کے داخلے پر مکمل اور سخت پابندی عائد کی جائے، ٹریفک کی روانی کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور اس غفلت میں ملوث ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

(49)

زائد کشمیریوں کو مظاہروں کے دوران شہید کیا گیا، اس ظالم حکومت اور نظام کے خلاف خاموش رہنا اور آواز نہ اٹھانا اب خود ایک بہت بڑا جرم بن چکا ہے۔ ملکی انتخابات اور عوام کے مینڈیٹ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے محمود اچکزئی کا کہنا تھا کہ چار کروڑ عوام کی رائے دہی اور ووٹ کا بھیانک مذاق اڑایا گیا، جسے فوری طور پر روکا جانا چاہیے، عمران خان اچھا ہو یا برا لیکن یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ 2024 کا الیکشن عمران خان اور اس کی پارٹی نے واضح طور پر جیتا تھا مگر حکمران طبقہ وہ مینڈیٹ دینے کے لیے ہرگز تیار نہیں تھا، یہ لوگ پہلے دن سے ہی اس کوشش میں لگے ہوئے تھے اور انہوں نے لوگوں کو ڈرا دھمکا کر قومی اسمبلی کی نشستیں کم کر کے 70 پر لا کھڑا کیا۔ عدالتوں اور دیگر اداروں کے کردار پر تنقید کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ عدالتوں اور مقتدرہ نے مل کر عوام کے مینڈیٹ کے خلاف ایک محاذ بنا لیا ہے، عدالتوں کے ذریعے ایک سیاسی جماعت سے اس کا انتخابی نشان چھین لیا گیا، جو کہ دنیا میں کہیں نہیں ہوتا، تحریک انصاف کے لوگوں کو باہر پھینکا گیا اور ان کی اقلیتوں اور خواتین کی مخصوص نشستیں باقی پارٹیوں میں باقاعدہ مال غنیمت کے طور پر بانٹ دی گئیں، انتہائی دکھ کی بات ہے کہ بدقسمتی سے کسی ایک پارٹی نے بھی یہ کہہ کر انکار نہیں کیا کہ یہ نشستیں ان کا حق نہیں بنتیں۔ سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے خبردار کیا کہ آخری مورچہ جو عمران خان کی پارٹی کا تھا، جس کو عوام کے چار کروڑ ووٹ ملے تھے، اب اس پر بھی حملے کیے جا رہے ہیں، ججز سمیت جو بھی انسان انصاف، سیاست اور بنیادی حقوق پر یقین رکھتا ہے، اسے دیکھنا چاہیے کہ عوام کے مینڈیٹ اور حکومتیں چھینے جانے کے بعد انہیں احتجاج کرنے کا حق بھی نہیں دیا جا رہا، اگر عدالتوں نے آئین و قانون کے مطابق منصفانہ فیصلے نہ کیے تو پھر فیصلے سڑکوں پر ہوں گے، جو کہ ملک کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوں گے، تمام سیاسی قوتوں اور ذمہ داران کو ملک کو تباہی کے کنویں سے بچانے کے لیے فوری ہوش کے ناخن لینے ہوں گے۔

(50)

16/12/2024 اور مقدمہ نمبر 4/2026 درج ہے، جن میں وہ عدالت سے عارضی ضمانت پر تھا۔ عدالت کی جانب سے عارضی ضمانت منسوخ کیے جانے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم غلام فرید خود کو پاک فوج کا جعلساز کرنل ظاہر کر کے مختلف اداروں اور عام شہریوں کو بلیک میل اور دھوکہ دیا کرتا تھا، جبکہ وہ ضلع مستونگ کے تھانہ دشت میں بھی سنگین مقدمات میں اشتہاری اور پولیس کو مطلوب تھا۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزم کے دو بھائی، فرحان علی اور فہد حسین بھی قانون کی نظر میں اشتہاری ہیں اور ان کے خلاف شہریوں کے گھروں کو زبردستی مسمار کرنے، گھیرا جلاؤ اور مال مویشی چوری کرنے کے جرم میں متعدد مقدمات درج ہیں۔ پولیس نے نامزد اور اشتہاری بھائیوں کی گرفتاری کے لیے بھی ممکنہ ٹھکانوں پر چھاپہ مار کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں نے جعلساز ملزم کی گرفتاری پر پولیس کے اس اقدام کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔

(51)

احتجاج کیا۔ اس موقع پر عبدالجبار تنیو میٹرک خان جمالی، ظہیر احمد اور غلام دستگیر عمرانی سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے مبینہ طور پر آئے روز جرمانے عائد کرنے اور دکانیں سیل کرنے سے تاجروں کو مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے جس سے ان کے کاروبار شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر تاجروں کے تحفظات دور کیے جائیں اور انہیں کاروبار جاری رکھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے عوامی ریلیف اور انتظامی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ عوامی مسائل کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کر رہی ہیں۔ شہریوں کے مطابق انتظامی اقدامات کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور سرکاری امور میں بہتری لانا ہوتا ہے جبکہ تاجروں کے تحفظات کو بھی افہام و تفہیم سے حل کیے جانے چاہئیں۔

(52)

اہم ملاقات کی۔ وزارت آئی ٹی سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران پاکستان میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور جدید ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور عالمی ٹیک اداروں کے مابین اشتراک کار کو وسعت دے کر ملکی آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ شزا فاطمہ خواجہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے جس کا مقصد انسانی وسائل کو بین الاقوامی مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس سیکٹر میں عالمی ٹیکنالوجی لیڈرز سے قریبی رابطے اور ان کی مشاورت سے پاکستان میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مضبوط اور بیرونی سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے میں کلیدی ثابت ہوں گی۔

(53)

جبکہ کئی مکانات کو خستہ حال قرار دیا گیا تھا۔ متاثرین کی بحالی اور گھروں کی دوبارہ تعمیر کے لیے عالمی بینک کی جانب سے فنڈز فراہم کیے گئے، جن کے تحت نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کے ذریعے بعض متاثرین کو مالی امداد فراہم کی گئی، تاہم اوستہ محمد اور اس کے گردونواح کے دیہی علاقوں میں مستحق خاندان آج بھی امداد کے منتظر ہیں۔ متاثرین کے مطابق اس منصوبے کو شروع ہوئے دو سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود متعدد متاثرین کو گھروں کی تعمیر کے لیے مالی امداد فراہم نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ خاندان آج بھی مشکلات میں زندگی گزار رہے ہیں اور کئی ایسے تباہ شدہ گھروں کی تعمیر نو کے لیے حکومتی امداد کے منتظر ہیں۔ متاثرین نے وفاقی وزیر جاوید نواب جام کمال خان عالیانی اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ اہل اور مستحق خاندانوں کی فہرستوں کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور نظرانداز کیے گئے متاثرین کو فوری طور پر مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنے تباہ شدہ مکانات دوبارہ تعمیر کر کے اپنے اہل خانہ کے ساتھ باعزت اور پرسکون زندگی گزار سکیں۔

(54)

پولیس کے مطابق ایس ایچ او ودا حیدر خان کی قیادت میں بی ڈی ایس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دھماکا خیز مواد کو ناکارہ بنایا۔ آئی ای ڈی میں تقریباً 5 سے 6 کلوگرام بارودی مواد موجود تھا۔

قومی اسمبلی اجلاس کا 64 نکاتی ایجنڈا جاری، 19 نئے قوانین کی منظوری شامل

فیکٹریز ترمیمی بل، ایٹمی ریپ انوسٹیگیشن ایڈجوڈیکیشن ترمیمی بل، ضابطہ فوجداری سمیت دیگر ترمیمی بل شامل

اسلام آباد(ی این ایم) قومی اسلامی اجلاس کا 64 نکاتی ایجنڈا جاری کردیا گیا ہے جس میں 19 نئے قوانین کی منظوری شامل کی گئی ہے۔ ایجنڈے کے مطابق فیکٹریز ترمیمی بل 2025، ایٹمی ریپ انوسٹیگیشن اینڈ ججمنٹ ترمیمی بل 2024، ضابطہ فوجداری ترمیمی (باقی صفحہ 3 کالم 42)

بلوچستان میں گزشتہ سال 116 ارب روپے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیے گئے، عبدالعلیم خان

گزشتہ سال وزارت مواصلات کے منصوبوں کے لیے 224 ارب روپے مختص کیے گئے تھے

اسلام آباد(ی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ گزشتہ سال بلوچستان سے عوامی شعبہ کے ترقیاتی پروگرام کے تحت موصول ہونے والے 164 ارب روپے میں سے 116 ارب روپے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیے گئے جبکہ ایک سڑک منصوبے پر تقریباً 100 ارب روپے صرف کیے گئے۔ منگل کو ایوان بالا میں سینیٹر اے اے کے سوالات کے جواب (باقی صفحہ 3 نمبر 40)



کوئٹہ: ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بادینی کچلی کچہری کے موقع پر عوام کے مسائل سن رہے ہیں

کوئٹہ، ورکرز ویلفیئر فنڈ کی رقم حقیقی مستحق کان کنوں اور ان کے خاندانوں تک پہنچانے کا مطالبہ

تعلیمی وظائف، شادی اور وفات گرانٹ کی شفاف ترسیل کو یقینی بنایا جائے، چائلڈ لیبر کے خاتمے اور حفاظتی اقدامات پر زور

کوئٹہ (ی این ایم) بلوچستان کی مختلف کانوں کی مزدور تنظیموں اور فیڈریشنز کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ کان مالکان کی جانب سے ورکرز ویلفیئر فنڈ کے لیے جمع کرائے (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

لورالائی، پولیس کی کارروائی، آکسی تیار کرنے والی فیکٹری پکڑی گئی

بھاری مقدار میں خطرناک کیمیکلز اور لیبارٹری آلات برآمد، ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمیں تشکیل

لورالائی (ی این ایم) لورالائی پولیس نے خفیہ اطلاع پر پہاڑی علاقے میں پروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے سفید آکسی (کرسٹل میتھ) تیار کرنے والی فیکٹری کا سراغ لگا کر بھاری مقدار میں کیمیکلز اور دیگر سامان برآمد کرلیا ہے۔ سی ٹی ڈی اے پولیس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

میر عبدالغفور لگٹی ٹیچنگ اسپتال گوادر کے لیے ادویات کی دو کھیپیں پہنچ گئیں

گوادر کے سرکاری اسپتال میں ادویات کی فراہمی سے مریضوں کو بہتر علاج کی سہولت ملے گی

گوادر (ن خ) ڈپٹی کمشنر بلوچستان میر سرفراز ڈنڈی کی ہدایت پر میر عبدالغفور لگٹی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی دو کھیپیں گوادر پہنچ گئی ہیں۔ اس اقدام کا مقصد ہسپتال میں ادویات کی دستیابی یقینی بنانا اور مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے، زیرِ اپیل (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

اوستہ محمد میں مرغی منگے داموں فروخت کرنے والے متعدد دکانداروں پر جرمانے عائد

مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، ضلعی انتظامیہ

اوستہ محمد (ن خ) عوامی شکایات پر انتظامیہ نے ٹوئس لیتے ہوئے جناح روڈ پر مرغی کی دکانوں کی چیکنگ کی، کمشنر اوستہ محمد محمد رضوان یاسر الرحمٰن خان ملائیجی نے دکانداروں کو وارننگ دی کہ وہ مقررہ نرخوں پر فروخت کرنے والے متعدد دکاندار وں کو جرمانے عائد کیے گئے اور مقررہ نرخوں پر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کا ہدایت ممانع خوری کی روک (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

گوادر فری زون میں نئے انڈسٹریل اسٹیٹ کا افتتاح، ہزاروں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع

بلوچستان میں لائیو اسٹاک، گوشت کی پروسیسنگ اور برآمدات کے فروغ کے لیے نجی سرمایہ کاری اہم ہے، ہم الرحمٰن

گوادر (ن خ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہر یار ے ساحلیات و سمندی تجدید کی ہم الرحمٰن خان ملائیجی کے ہمراہ فری زون میں شناختی کارڈ کاؤنٹر کا افتتاح کردیا۔ منصوبے کے تحت چاکروں کی آفزائش، گوشت کی جدید پروسیسنگ اور بیرون ملک برآمدات کو فروغ دینے کا ہدف ہے، جس سے بلوچستان میں سرمایہ کاری، تکنیکی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا ہونے کے امکانات روشن ہوں گے افتتاحی تقریب (باقی صفحہ 3 نمبر 33)



کوئٹہ: سماجی کارکن صائمہ خان کاکڑ پریس کانفرنس کررہی ہیں

ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان کا بارکھان کا دورہ

سرکاری اسکولوں میں نظم و ضبط، معیاری تعلیم اور کلسٹر نظام کو مؤثر بنانے پر زور

بارکھان (ن خ) حکومتِ بلوچستان کی تعلیمی اصلاحاتی مہم کے تحت ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈاکٹر ہانی انیس نے بارکھان کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سرکاری اسکولوں کی تعلیمی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری، انتظامی امور اور کلسٹر نظام کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹر نے گرلز ہائی اسکول مدینہ مسجد بارکھان (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا آؤٹ نظام مؤثر بنانے اور محصولات میں ممکنہ کمی کی نشاندہی پر زور

ٹیکس قوانین پر عملدرآمد، محصولات کی وصولی بہتر بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (ن خ) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبدالله خان زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں آؤٹ کارروائیوں کا جائزہ لینے، آؤٹ نظام کو مزید مؤثر بنانے اور موبائی محصولات میں موجود ممکنہ فرق کی نشاندہی سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل کو مزید مضبوط بنانے پر ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ضلع کچہ کے تمام محکموں کو حاضر سروس ملازمین کی فہرستیں ہر ماہ 15 تاریخ تک جمع کرانے کی ہدایت

مقررہ وقت پر ملازمین کی فہرستیں جمع نہ ہونے پر تنخواہیں روکنے کی کارروائی ہوسکتی ہے، ضلعی انتظامیہ

زرت (ن خ) ڈپٹی کمشنر ضلع کچہ ڈاکٹر آغا افتخار خٹک کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ناصل علی بلوچ کی زیر صدارت ضلع کچہ کے ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسران (ڈی ڈی اوز) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر صدام بلوچ نے شرکا کو پریزنٹیشن دی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

عظمیٰ بخاری نے اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی کے خلاف ہتکِ عزت کا کیس جیت لیا

لاہور (ی این ایم) سہولیٰ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی محمود رياض کے خلاف ہتکِ عزت کا دعویٰ جیت لیا، لاہور کی ڈیمیشن ریویو کمیٹی نے کیس کا مختصر فیصلہ جاری کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر محمود رياض کو 30 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ڈیمیشن ایک (باقی صفحہ 3 نمبر 26)



کوئٹہ: سابق وزیر بلوچستان سردار ثناء اللہ زہری، ڈاکٹر الرحمٰن کاسی، ڈاکٹر شاہ بلوچ اور دیگر مہمان کیک کاٹنے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

حکومت پاکستان کو بربادی کے کنویں میں ڈال رہی ہے، محمود اچکزئی

فرانس میں مظاہرے ہوئے کسی نے گولی نہیں چلائی، ہم جلوس نکالتے ہیں یہ سیدھی سر میں گولیاں مارتے ہیں

سیاسی لوگوں نے اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو یہ بربادی پاکستان کو نگل جائے گی، اپوزیشن لیڈر کی میڈیا سے گفتگو

پشاور(ی این ایم) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے چیئرمین اور پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ موجودہ حکمران قاتل ہیں جو اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے پرامن جلوسوں پر سیدھی گولیاں چلاتے ہیں۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دنیا کے دیگر ممالک کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فرانس جیسے ممالک میں بڑے بڑے مظاہرے ہوتے ہیں لیکن وہاں کسی پر گولی نہیں چلائی جاتی، پاکستان میں تحریک انصاف اور تحریک لبیک پاکستان یعنی ٹی ایل پی کے کارکنوں سمیت 120 (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



کوئٹہ: صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ملک سکندر ایڈووکیٹ کا بلوچستان میں عدم استحکام اور مارکٹ بلنگ پر تشویش ظاہر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی جوائنٹ سکرٹری سابق ایڈیٹر اسمبلی ملک سکندر ایڈووکیٹ نے بلوچستان میں اجتماعی امن، امان کی صورتحال، روز بروز بڑھتی ہوئی ٹارگٹ بلنگ اور عوام میں گہرے ہوتے احساس عدم تحفظ و سکتری پر شدید تشویش کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ایم پی اے روبی کمار پہنوا جا کو اغوا کاروں سے بحفاظت واپس لانے اور اغوا کاروں کی گرفتاریوں پر خراج تحسین

ایشیش سیکری خزانہ عارف ایکزئی محکمہ خزانہ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اوستہ محمد، مین بازار میں ہیوی گاڑیوں کی بے ہنگم آمد رفت کے باعث شدید ٹریفک جام

ٹریفک پولیس کی غفلت اور عدم توجہی سے اسکول کے بچوں کو شدید مشکلات، انتظامیہ سے فوری نوٹس کا مطالبہ

اوستہ محمد (ی این ایم) ضلع اوستہ محمد کے مرکزی مین بازار میں ہیوی ٹریفک کے رواں اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث گھنٹوں سے شدید ٹریفک جام ہے، جس کے چلتے میں شہریوں، تاجروں اور بالخصوص اسکول کے بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی شہریوں (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

حکومت تعلیم، کھیلوں اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے: صائمہ خان

کوئٹہ (اے این این) سماجی کارکن صائمہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تعلیم اور کھیلوں کے فروغ کیلئے مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے جس کی وجہ سے تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور کھیلوں کے میدان آباد ہو رہے ہیں۔ حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کی ذمہ (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

بولان میں ڈاکوراج کی صورت قبول نہیں، سردار یار محمد رند

بی اے (ی این ایم) رند قبائل کے سربراہ سینیٹر سابق وزیر اعلیٰ سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ بولان میں ڈاکوراج کی صورت قبول نہیں کریں گے قانم 47 کی ناہل حکومت میں ضلع کچھی (بولان) کو ڈاکوؤں چوروں کے حوالے کر دیا گیا جس کی وجہ سے کسی کی جان و مال تک محفوظ نہیں ناہل کٹھ پتلی رند کہیں بھی نظر نہیں آئی ڈاکو کیلئے اپنی مرضی سے شریف شہریوں قومی (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

ایشیا کپ 2025 کا شیڈول جاری، بھارت اور پاکستان گروپ مرحلے میں ایک بار پھر آمنے سامنے ہوں گے

دبئی (ی این ایم) ایشیا کپ 2025 کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے، بھارت اور پاکستان گروپ مرحلے میں ایک بار پھر آمنے سامنے ہوں گے۔ ٹورنامنٹ 9 ستمبر سے 28 ستمبر تک متحدہ عرب امارات میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں حصہ لیں گی، جنہیں 2 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گروپ اے میں بھارت، پاکستان، متحدہ عرب امارات اور عمان جبکہ گروپ بی میں بنگلہ دیش، سری لنکا، افغانستان اور ہانگ کانگ شامل ہیں۔ ہر گروپ کی 2 ٹاپ ٹیمیں سپر فور مرحلے میں پہنچیں گی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی صنعتی تعاون کے معاہدہ پر کل دستخط متوقع

دفاعی صنعتی تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کل دوحہ میں متوقع ہیں، ترک میڈیا

اسلام آباد(ی این ایم) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی صنعتی تعاون کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ انقرہ سے ترک میڈیا کے مطابق چار ملکی دفاعی صنعتی تعاون کی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



سول سیکرٹری بلوچستان عبدالرزاق بلوچ، میجر جنرل آئی ایس پی آر انگلینڈ کی سیکرٹری پی ٹی آئی نجابت کے کارکنوں کا گروپ فوٹو

جعل کمی، پاک فوج کا جعلی کرنل بن کر دھوکہ دہی کرنے والا اشتہاری ملزم گرفتار

خفیہ مصنوع ہونے پر ملزم خلام مرتضیٰ گرفتار، بھائی ماں موبائل چوری اور مکانات سمار کرنے کے مقدمات میں روپوش

اشتہاری ملزم خلام مرتضیٰ کو خاص مخبر مصنوع ہونے پر گرفتار کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار ملزم خلام مرتضیٰ کے خلاف جعلی کمی سے متعلق تھانہ میں مقدمہ نمبر (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

سوئی میں ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے پانچ سکریٹریز کا دورہ

عوامی فنڈز کے استعمال میں غفلت اور ناقص تعمیراتی کام برداشت نہیں ہوں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ن خ) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر، سوئی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، تعمیراتی کاموں کے معیار کا جائزہ لینے اور منصوبوں پر پیش رفت کا معائنہ کرنے کے لیے پانچ سکریٹریز اور چیئرمین ینگ مسلم انسٹاسٹن (ی ایم آئی) (باقی صفحہ 3 نمبر 19)



کوئٹہ: ایلسٹ وجماعت کے رہنما ذوالفقار طارق صالح بلڈ بینک کے چیئرمین صالح محمد سے ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان میں عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے صحت وٹیلیز ایپ متعارف

صحت وٹیلیز ایپ کے ذریعے شہریوں کو 24 گھنٹے مفت ڈاکٹروں سے مشاورت کی سہولت

کوئٹہ (ن خ) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے تحت صوبے کے شہریوں کو معیاری، آسان اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پی ایچ آئی بلوچستان نے صحت وٹیلیز (Sehat Dehleez) نیل ہیلتھ ایپ متعارف کرائی ہے، جس کا مقصد جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے مؤثر تحت صوبے کے شہریوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا اور پسماندہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کے لیے طبی مشاورت تک رسائی کو آسان بنانا ہے۔ صحت وٹیلیز ایپ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

وفاقی وزیر ڈاکٹر نائلہ کیسکیلی میں ڈیلیا ایکس کا دورہ، دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (ی این ایم) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن ثمرا فاطمہ خواجہ نے جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیئول میں متعدد اہم ٹی ڈیجیٹل اے آئی سٹ کے موقع پر اہم عالمی ٹیکنالوجی ادارے ڈیلیا ایکس کا دورہ کیا اور کمپنی کے اعلیٰ حکام سے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بنگو میں بائی اسکول کے قریب نصب ریورس کنٹرول بم ناکارہ بنا دیا گیا

پشاور(ی این ایم) بنگو میں بائی اسکول کے قریب نصب ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی ناکارہ بنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق بنگو کے علاقے درسمند بائی اسکول کے قریب نصب ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی کو پولیس کی بم ڈسپوزل اسکواڈ (ای ڈی ایس) ٹیم نے ناکارہ بنادیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بھاری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے: ایرانی پاسداران انقلاب

تہران (ی این ایم) ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے کہا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بھاری بارودی سرنگوں سے ٹکرائے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر دو ٹینکروں میں آگ (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

خطرات کا علم ہے، لیکن بنگلادیش واپس جانا میری ذمے داری ہے: شیخ حسینہ

نئی دہلی (ی این ایم) سابق بنگلادیشی وزیر اعظم شیخ حسینہ کا کہنا ہے کہ مجھے گرفتاری، تشدد یا قتل کا خطرہ ہے لیکن حامیوں کے ساتھ کھڑا ہونا میری سیاسی ذمے داری ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلادیش کی سابقہ وزیر اعظم (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

چھتر فلٹیی میں کیڈٹ گرلز پرائمری اسکول نئی بخش کو میپ طور پر نان فنکشنل قرار دینے کا معاملہ

پاڈا کوٹ (اے این این) تھیرٹا آباد کے علاقے چھتر فلٹیی میں کیڈٹ گرلز پرائمری اسکول نئی بخش کو میپ طور پر متعلقہ افسران کی جانب سے نان فنکشنل قرار دے جانے کا معاملہ سامنے آگیا ہے، جبکہ دھوکی کیڈٹ گرلز پرائمری اسکول کی بلڈنگ بھی گزشتہ کئی ماہ سے باقاعدگی کے ساتھ کھلا اور فعال ہے۔ ذرائع کے مطابق اسکول کو نان فنکشنل قرار دیے جانے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد کے مبینہ نارواسلوک اور جرمانوں کے خلاف گوشت فروشوں کی ہڑتال

اوستہ محمد میں تاجروں کا احتجاج، اعلیٰ حکام سے تحقیقات ورکرنے کا مطالبہ، شہریوں کی انتظامی اقدامات کی حمایت

صوبحال کا فوری نوٹس لینے اور ان کے تحفظات دور کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران کے ضلعی صدر عبدالباسط چانڈیو کی قیادت میں گوشت فروشوں نے (باقی صفحہ 8 نمبر 8)

اوتھل 2023 کے تباہ کن سیلاب کے متاثرین 2 سال گزرنے کے بعد بھی مالی امداد سے محروم

ورلڈ بینک فنڈز کے باوجود متعدد خاندان گھروں کی تعمیر کے مختصر ترین نواب جام کمال اور سرفراز بگٹی سے نوٹس کا مطالبہ

اوتھل (ی این ایم) سیلاب ڈویژن کے ہیڈ کوارٹر اوتھل میں 2022 کے تباہ کن سیلاب سے متاثر ہونے والے متعدد خاندان تاحال گھروں کی تعمیر کے لیے مالی امداد سے محروم ہیں، جس کے باعث متاثرین شدید مشکلات کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ سیلاب متاثرین کے مطابق 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد ہونے والے سروے میں متعدد گھروں کو مکمل طور پر تباہ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

چھتر، گرلز پرائمری اسکول نئی بخش کو میپ نان فنکشنل قرار دینے کا معاملہ، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

چھتر (ی این ایم) چھتر فلٹیی کے گرلز پرائمری اسکول کو نان فنکشنل قرار دینے کا معاملہ، شفاف تحقیقات کا مطالبہ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈی آئی ای اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ تعلیم کے افسران نے اسکول کا دورہ کیا، جس کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسکول کی عمارت کو 10 ماہ سے اسکول کا عملہ فعال ہونے کا دعویٰ، متعلقہ حکام کی جانب سے نظر انداز

ڈوب یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو تر قیاتی فنڈز کے تحفہ سامان فراہم کر دیا گیا

ڈوب (ی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے نوجوان ڈسٹرکٹ چیئرمین مولوی مرتضیٰ شہداد کی جانب سے ڈوب کے مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے تر قیاتی فنڈز کے تحفہ سامان فراہم کیا گیا۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ، پکلاک میں شادی کی خوشیاں ماتم میں تبدیل، گولی سے دلہن کا باپ جاں بحق

کوئٹہ (ی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پکلاک میں شادی کی خوشیوں کے دوران پیش آنے والے ایک افسوسناک واقعے نے خوشیوں سے بھرے گھر کو ایک ماتم کدے میں تبدیل کردیا۔ شادی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

امریکی وزیر دفاع کا اسرائیل کا غیر اعلانیہ دورہ، انتخابات سے قبل یقین پایا ہوئے اہم ملاقات

واشنگٹن (ی این ایم) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے اسرائیل کے غیر اعلانیہ دورے کے دوران وزیر اعظم بن یامین نیتن یاہو سے ملاقات کی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ ملاقات پیر 19 اکتوبر کو اسرائیل (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کراچی پولیس کے دو یونٹس میں جھگڑا، 16 افسران واہلکار معطل

کراچی (ی این ایم) ضلع وسطی میں ملزمان کی حوالگی پر پولیس کے دو یونٹس کے درمیان جھگڑے اور ہاتھا پائی کے معاملے میں 16 افسران واہلکاروں کو معطل کردیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کی اکھوائری میں سی آئی اے پولیس کو زیادہ قصوروار قرار دیا گیا جس کے بعد کراچی پولیس چیف ذی ذی آئی جی (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گھریلو سلنڈر 6 ہزار روپے کا فرق ہو رہا ہے، ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن

لاہور (ی این ایم) ایل پی جی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گیس 500 روپے فی فوڈ ٹینک کی جبکہ گھریلو سلنڈر 7200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ عرفان کھوکھر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں گیس 500 روپے فی فوڈ ٹینک کی مجموعی عالاقوں میں ایل پی جی 600 روپے فی کلو تک پہنچ (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرامے کی منظوری افغان نسبتا سے لے کے ہے، طارق فضل

محمود اچکزئی کے حوالے سے خبریں میڈیا پر آئیں، محمود اچکزئی نے کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جاسکتا

مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(ی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر مذاکرات شروع ہوئے، ہمیں کافی امید تھی کہ مذاکرات نتیجہ خیز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران جو فضل الرحمٰن سے تھنگتے کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر مذاکرات شروع ہوئے، ہمیں کافی امید تھی کہ مذاکرات نتیجہ خیز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران جو فضل الرحمٰن سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جاسکتا، مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس وقت حل ہو جاتیں تو شاید معاملات اب مختلف ہوتے، وفاقی وزیر میڈیا پر آئیں، محمود اچکزئی نے کہا عمران خان سے ملاقات کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھا جاسکتا، مذاکرات میں ملاقات کا ٹائم فریم اور ایک مستند حل موجود تھا، چیزیں اس (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

مالدیپ کی وزیر خارجہ کی اسلام آباد آمد، صدر بھی پاکستان پہنچیں گے

اسلام آباد(ی این ایم) مالدیپ کی وزیر خارجہ ارحتھم مم آدم کابینہ ارکان اور اعلیٰ حکام کے ہمراہ صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے دورہ پاکستان سے قبل اسلام آباد پہنچ گئیں۔ اسلام آباد ایئرپورٹ پر مالدیپ کی وزیر خارجہ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

13 سال کا نشہ تین دن میں صاف نہیں ہوسکتا، وقت لگے گا: فیصل کریم کنڈی

پشاور(ی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے سے تعاونداد کے خاتمے اور صفائی کے لیے ایلسی کا اعلان کرتے ہوئے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ صوبے کو صاف ستھرا (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

میر رضا قتل کیس: تفتیشی افسر تیسری مرتبہ حتمی چالان پیش کرنے میں ناکام ہوسکتا، وقت لگے گا

چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت طلب کرلی، ساعت 2 نومبر تک ملتوی کردی گئی

کراچی (ی این ایم) کراچی کے نوجوان تاجر میر رضا قتل کے کیس میں تفتیشی حکام نے چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت طلب کرلی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں ساعت کے دوران تفتیشی افسر تیسری مرتبہ حتمی چالان پیش کرنے میں ناکام رہے۔ عدالت نے تفتیشی حکام کو چالان جمع کروانے کے لیے مزید مہلت دیتے ہوئے آئندہ ساعت پر چالان (باقی صفحہ 3 نمبر 24)



کوئٹہ: صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے ان کی رہائش گاہ پر علاقے کے لوگ ملاقات کررہے ہیں